باب نمبر۲۰

Chapter 20

## نکاح وحصولِ اولاد سے متعلق اذکار

# SUPPLICATIONS FOR NIKAH AND OFFSPRING

### ۲۲۶۔ دلہا، دلہن کو مبارک باد

عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ رضی اللہ عنہ اَنَّ النَّبِیَّ ﷺ كَانَ اِذَا رَفَّأَ الْاِنْسَانَ اِذَا تَزَوَّجَ قَالَ **" بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ ،وَ بَارَكَ عَلَيْكُمَا ،وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِیْ خَيْرٍ ".**

(احمد وترمذی و ابو داؤد و ابن ماجہ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ شادی کرنے والے آدمی کو ان الفاظ کے ساتھ دعا اور مبارک باد دیا کرتے تھے:" بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ وَ بَارَكَ عَلَيْكُمَا وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِیْ خَيْرٍ " " اللہ تعالیٰ تمہارے لئے مبارک کرے، اور تم پر برکتیں نازل کرے، اور تم دونوں (میاں بیوی) کو خیر اور بھلائی پر جوڑے رکھے" یعنی دنیا اور آخرت کی ہر چیز اور بھلائی کے معاملہ میں تم دونوں کے درمیان باہم اتفاق اور تعاون رہے اور شیطان کوئی فتنہ انگیزی نہ کر سکے۔ (احمد، ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ)

## 226. Congratulating the bride and bridegroom

Abu Hurairah رضی اللہ عنہ narrated: The Prophet of Allah ﷺ congratulated the bridegroom with this supplication,

"May Allah shower blessings on you and your spouse and may He unite you both in goodness. (May you both see eye to eye in affairs of the world and the hereafter and may the evil not make mischief between you.")

(Ahmad, Tirmidhi, Abu Dawud, Ibn Majah)

## ۲۲۷۔ بیوی، خادم اور سواری کی پیشانی پکڑ کر دعا کرنا

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ رضی اللہ عنہما عَنِ النَّبِيِّ ﷺ قَالَ اِذَا تَزَوَّجَ اَحَدُكُمْ اِمْرَأَةً اَوِاشْتَرٰى خَادِماً فَلْيَقُلْ " **اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ خَيْرَهَا ، وَخَيْرَ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ ،وَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا ،وَشَرِّ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ** ". (ابوداؤد و ابن ماجه)

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ہدایت فرمائی کہ: "جب تم میں سے کوئی کسی عورت کو اپنے نکاح میں لائے اور بیوی بنائے یا خدمت کیلئے غلام یا باندی خریدے تو یہ دعا کرے: " اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ ...تا... جَبَلْتَهَا عَلَيهِ " " اے اللہ! اس میں اور اسکی فطرت میں جو خیر اور بھلائی ہو، میں تجھ سے اسکی استدعا کرتا ہوں، اور اس میں اور اسکی فطرت میں جو شر اور برائی ہو، اس سے میں تیری پناہ مانگتا ہوں" (ابوداؤد، ابن ماجہ)

## 227. Making supplication by touching the forehead of wife, servant or transportation animal

Abdullah ibn Amr ibn Al-Aas رضی اللہ عنہما narrated: The Prophet of Allah ﷺ said,"If anyone of you marries a woman or buys slave to serve him then he must make the following supplication:

"O Allah! I ask You for goodness within her and the goodness that You have made her inclined towards, and I take refuge with You from evil within her and the evil that You have made her inclined towards." (Abu Dawud, Ibn Majah)

## ۲۲۸۔ جماع کی دعا

عَنْ ابْنِ عَبَّاسٍ رضی اللہ عنہ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰہِ ﷺ لَوْ اَنَّ اَحَدَکُمْ اِذَا اَرَادَ اَنْ یَّاتِیَ اَھْلَہٗ

قَالَ ''**بِسْمِ اللّٰہِ ،اَللّٰھُمَّ جَنِّبْنَاالشَّیْطَانَ ،وَجَنِّبِ الشَّیْطَانَ**

**مَارَزَقْتَنَا** '' فَاِنَّہٗ اِنْ یُّقَدَّرُ بَیْنَھُمَا وَلَدٌ فِیْ ذٰلِکَ لَمْ یَضُرَّہٗ شَیْطَانٌ اَبَداً ۔ (بخاری و مسلم)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی بیوی کے پاس جاتے وقت اللہ کے حضور میں یہ عرض کرلیا کرے: ''**بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ**...تا... **مَا رَزَقْتَنَا** '' ''بسم اللہ، اے اللہ! تو شیطان کے شر سے ہمکو بچا، اور ہمکو جو اولا دے اسکو بھی بچا) تو اگر اس مباشرت کے نتیجہ میں انکے لئے بچہ مقدر ہوگا تو شیطان اسکو کبھی نقصان نہ پہنچا سکے گا، اور وہ ہمیشہ شرِ شیطان سے محفوظ رہے گا۔''

(بخاری مسلم)

## 228. Supplication for Intercourse

Abdullah ibn Abbas رضی اللہ عنہما narrated: The Messenger of Allah ﷺ said, "When one has sexual relation with his wife, he should say:

"With the Name of Allah. O Allah! , Keep the Devil away from us and keep the Devil away from that which You provide for us.

(Bukhari,Muslim)

## ۲۲۹۔ حصول اولاد کے لیے ابراہیم علیہ السلام کی دعا

**رَبِّ ھَبْ لِیْ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ** (الصّٰفّٰت: ۱۰۰)

اے میرے رب تو عطا فرما مجھے (لڑکا) صالحین میں سے۔

## 229. Supplication of Prophet Ibrahim علیہ السلام

My Lord! grant me (offspring) from the righteous." (As-Saaffat:100)

## ۲۳۰۔حضرت زکریا علیہ السلام کی دعا

رَبِّ لَا تَذَرْنِی فَرْدًا وَّ اَنْتَ خَیْرُ الْوَارِثِیْنَ . (الانبیاء ۸۹)

اے میرے رب نہ تو چھوڑ مجھے اکیلا اور تو ہی ہے سب سے بہترین وارث۔

## 230. Supplication of Prophet Zakariyya علیہ السلام

O My Lord! leave me not single (childless), though You are the best of inheritors. (Al-Anbiya:89)

۲۳۱۔ رَبِّ هَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً ، اِنَّکَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ . (آلِ عمران:۳۸)

اے میرے رب عطا کر مجھے اپنے پاس سے اولاد پاکیزہ بے شک تو خوب سننے والا ہے دعا کا۔

231."O My Lord! Grant me from You, a good offspring. You are indeed the All-Hearer of invocation." (Al-e-Imran:38)

## ۲۳۲۔شیطان سے حفاظت کی دعا

حضرت مریم علیہا السلام کی والدہ حنّة بنت فاقوذ نے اپنی نسلوں کو ان الفاظ میں شیطان سے اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں دیا۔

اِنِّیْٓ اُعِیْذُهَا بِکَ ،وَ ذُرِّیَّتَهَا مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ.

(آل عِمران: ۳٦) بے شک میں اسکو اور اسکی اولاد کو شیطان مردود سے تیری پناہ میں دیتی ہوں۔ (آل عمران: ۳٦)

## 232. Supplication for protection from the Satan

" O Lord! I commit her and her offspring to You for protection from Satan, the accursed." (Al-Imran:36)

## ۲۳۳۔تربیت اولاد کے لیے دعا

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے اور اپنی اولاد کے لیے نماز کو قائم کرنے کی دعا مانگی۔

رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوۃِ وَ مِنْ ذُرِّیَّتِیْ، رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ . (ابرھیم : ۴۰)

اے میرے رب! مجھے اور میری اولاد کو بھی نماز قائم کرنے والا بنا۔اے ہمارے رب! اور میری دعا قبول فرما۔

## 233. Supplication for the training of an offspring

Prophet Ibrahim علیہ السلام prayed to his Lord for him and his offspring to become steadfast in establishing As-Salât.

"My Lord! Make me the one to establish As-Salât, and my offspring too, Our Lord! and accept my invocation. (Ibrahim:40)

## ۲۳۴۔ اہل خانہ کو نیک بنانے کی دعا

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا،وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْیُنٍ، وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا . (الفرقان:۷۴)

اے ہمارے پروردگار! تو ہمیں، ہماری بیویوں، اور اولاد سے، آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما، اور ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا بنا۔ (فرقان:۷۴)

## 234.Supplication for a righteous family

"Our Lord, bless us with wives and children, who may be the comfort of our eyes, and make us leaders of the righteous."
(Al-Furqan:74)

## ۲۳۵۔نظرِ بداور نقصان دہ چیزوں سے بچنے کی دعا

عَنْ عَبْدَاللّٰہِ بْنِ عَبَّاسٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا قَالَ، کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ یُعَوِّذُ الْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھُمَا ''**اُعِیْذُکُمَا بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ ،مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّھَامَّۃٍ وَ مِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَّامَّۃٍ**'' وَ یَقُوْلُ اِنَّ اَبَاکُمَا کَانَ یُعَوِّذُ بِھَا اِسْمٰعِیْلَ وَ اِسْحٰقَ ۔ ( بخاری، ترمذی، ابو داؤد،ابن ماجہ)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ حضرت حسن اور حسین رضی اللہ عنہما کے لیے یوں دعا فرماتے ''میں تم دونوں ک لیے ہر شیطان، تکلیف دہ جانور، اور نظر بد سے محفوظ رہنے کے لیے اللہ تعالیٰ کے کامل اور پر اثر کلمات کے ذریعہ پناہ مانگتا ہوں'' اور فرماتے ''بیشک تمہارے باپ (ابراہیم علیہ السلام) اسمٰعیل علیہ السلام اور اسحاق علیہ السلام کے لیے انہی کلمات کے ساتھ پناہ مانگتے تھے''. (بخاری، ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ)

## 235. Supplication for protection from the evil eye and harmful thing

Abdullah bin Abbas رضی اللہ عنہما narrated: The Messenger of Allah ﷺ would pray for Hassan and Hussain رضی اللہ عنہما that "you two are given refuge from every Satan, harmful animal, and evil eye through the complete and effective words of Allah" and then the Messenger of Allah ﷺ said, "Indeed your father (Ibrahim علیہ السلام) sought refuge for Ismael علیہ السلام and Ishaaq علیہ السلام with the same words of Allah." (Bukhari ,Timidhi, Abu dawood, Ibn Majah

## ۲۳۶۔ جب بچّے کی زبان کھلے

۱۔ جب بچّے کی زبان کھلے تو اسکو پہلے "لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ" سکھائیں (ابن السنی عمرو بن شعیب)

## 236. When the child start talking

1 -When a child starts talking, teach him first "There is no God but Allah " (Ibn Suni-Umar Bin Shoaib)

## ۲۳۷۔ بنی اسرائیل کی آیت

جب بنی عبدالمطلب کا کوئی بچہ بولنا شروع کرتا تو رسول اللہ ﷺ اسے یہ آیت سیکھاتے (ابن السنی عمرو بن شعیب)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِى الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِىٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا. (بنی اسرآئیل: ۱۱۱)

<u>237- Surah Bani Israil ayah 111</u> "Praise is for Allah who has begotten no son nor has any partner in His Kingdom nor is helpless to need any supporter. And glorify Him in the most glorious way."

## ۲۳۸۔سورۃ الفرقان آیت ۲

نبی ﷺ کا یہ معمول تھا کے آپ ﷺ کے خاندان میں جب کسی بچے کی زبان کھل جاتی تھی تو آپ اسے یہ آیت سکھاتے تھے، (مصنف،عبدالرزاق)

**''اَلَّذِیْ لَہٗ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّ لَمْ یَکُنْ لَّہٗ شَرِیْکٌ فِی الْمُلْکِ وَ خَلَقَ کُلَّ شَیْءٍ فَقَدَّرَہٗ تَقْدِیْرًا''** (الفرقان: ۲)

''وہ جو زمین اور آسمانوں کا مالک ہے، جس نے کسی کو بیٹا نہیں بنایا ہے، جس کے ساتھ بادشاہی میں کوئی شریک نہیں ہے، جس نے ہر چیز کو پیدا کیا ہے پھر اسکی ایک تقدیر مقرّر رکی۔ (الفرقان:۲)

سورۃ بنی اسرآئیل کی آیت ۱۱۱، اور الفرقان کی آیت ۲ میں توحید کی پوری تعلیم سمیٹ دی گئی ہے، یہ قرآن کی جامع آیات میں سے عظیم الشان آیات ہیں۔

## 238. Surah Al-Furqan Ayah 2

When any child in the family of the Messenger of Allahﷺ started talking, the Messenger of Allah would teach him this verse:

"He to Whom belongs the Sovereignty of the heavens and earth: Who has begotten no son: Who has no partner in His Sovereignty: Who created each and every thing and then ordained its destiny." ( Al Furqan:2)

Ayahs 111 from Surah Bani Isra'il and 2 from Surah Furqan, gives the complete knowledge of the Oneness of Allah and are the supreme Ayahs in the Quran.